31908-کیا قبرستان کے قریب سے گزرنے والی عورت قبرسان والوں کو سلام کہے گی ؟

سوال

ہمارے علم میں تو یہی ہے کہ عورت کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا گیا ہے ، لیکن اگر عورت راستے میں آنے والے قبرستان کی دیوار کے قریب سے گزرے اور قبروں کو دیکھے تو کیا وہ قبرستان والی دعا پڑھ سکتی ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اس کے لیے قبرستان والی دعا (السلام علیکم اہل الدیار. . .) پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ، اور اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا ، کیونکہ اس نے قبروں کی زیارت کا قصد تو نہیں کیا ، اور نہ ہی وہ قبرستان میں داخل ہوئی ہے ، بلکہ بغیر ارادہ کے وہ تو اس کے راستہ میں آیا ہے .